# 12523 ـ تعدد كى شروط كيا ہيں

**سوال**

وہ كون سى شروط ہيں جن كى موجودگى ميں مرد كے ليے ايک سے زيادہ شادياں كرنا جائز ہے ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

ايک سےزيادہ شادياں كرنا مطلوب ہے ليكن اس كے ليے مندرجہ ذيل شرط ہے كہ :

انسان كے پاس مالى ، بدنى ، اوربيويوں كے مابين عدل وانصاف كرنے كى طاقت وقدرت ہو توپھر وہ دوسرى شادى كرسكتا ہے ۔

اس ليے كہ تعدد زوجات سے ان عورتوں كى حفاظت ہوگى جن سے شادى كى جائے ، اورپھر اس ميں لوگوں كا ايک دوسرے كے ساتھ تعلق بھى بڑھے گا ، اوركثرت اولاد بھى ہوگي جس كى نبى صلى اللہ عليہ وسلم نے بھى اپنے فرمان ميں اشارہ كيا ہے كہ :

فرمان نبوى صلى اللہ عليہ وسلم ہے :

( تم زيادہ محبت كرنے والى اورزيادہ بچے جننے والى عورتوں سے شادى كرو ) ۔

اوراس كے علاوہ بھى بہت سى مصلحتيں اورحكمتيں ہيں ، ليكن اگر انسان ايک سے زيادہ شادياں فخر اورپھر چيلنج كى بنا پر كرے تويہ اسراف ميں شامل ہوتا ہے جس سے منع كيا گيا ہے ۔

اللہ سبحانہ وتعالى كا فرمان ہے :

اوراسراف و زيادتى سے كام نہ لو يقينا اللہ تعالى اسراف اورفضول خرچى كرنے والوں سے محبت نہيں كرتا ۔ .